کوویڈ-19
فارمیسی ٹیموں کی رہنمائی کے لئے دس اصول

Government of Pakistan
Ministry of National Health Services, Regulation & Coordination

1 فارمیسی بینر / اسٹینڈی

فارمیسی کے داخلی راستے پر ایک بینر لگائیں یا کسی شخص کو وہاں کھڑا کریں جو مریضوں کو اس بات کی ہدایت کرے کہ اگر ان میں کوویڈ-19 کی کوئی علامت ہو رہی ہوں تو وہ فارمیسی میں داخل نہ ہوں۔ بلکے انہیں مشورہ دیں گے کہ وہ 1166 ہیلپ لائن پر رابطہ کریں یا کوویڈ-19 نامزد ہسپتالوں سے رابطہ کریں۔

2 کثرت سے ہاتھ دھوئیں

اپنے ہاتھوں کو کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے کثرت سے دھوئیں یا پھر الکحل رب کا استعمال کریں۔ فارمیسی کاؤنٹر پر عوام کے لئے ہینڈ سینیٹائزر فراہم کریں۔

3 دوسروں سے علیحدگی اختیار کرنا

اگر آپ کو بخار یا کھانسی ہو رہی ہے تو پھر کام پر مت جائیں۔ اپنے آپ کو کم از کم 14 دن تک دوسروں سے الگ کرلیں یا اس وقت تک جب تک یہ علامات ختم نہ ہو جائیں۔

4 لوگوں سے فاصلہ رکھنا

COVID -19
1 metre

پریسکرپشن لیتے اور دیتے وقت اپنے اور مریضوں کے درمیان کم از کم 1 میٹر کا فاصلہ برقرار رکھیں۔ ایک وقت میں محدود تعداد میں لوگوں کو فارمیسی کے اندر داخل ہونے دیں۔

5 چہرے کے ماسک

جب مریضوں کے ساتھ رابطے میں ہوں تو ماسک پہنیں۔ ماسک کو مستقل بنیاد پر تبدیل کریں۔ ڈسپوز ایبل ماسک صرف ایک وقت کے استعمال کے لئے ہیں۔

6 پریسکرپشن ہینڈلنگ

فارمیسی میں ڈسپوزایبل دستانے پہنیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ہر نیا پریسکرپشن سنبھالنے کے بعد آپ نے اپنے دستانے تبدیل کرنے ہیں۔

7 موبائل فون پریسکرپشن ہینڈلنگ

فارمیسی کاؤنٹر پر الکحل وائپ کی فراہمی کو یقینی بنائیں اور خود موبائل فون ہینڈل کرنے سے پہلے مریض سے ان کا موبائل فون الکحل وائپ سے صاف کروائیں

8 کیش (نقد) ہینڈلنگ

کیش یا نقد پیسوں کو دستانے پہنے بغیر ہاتھ نہ لگائیں اور ہر ایک گھنٹے کے بعد اسے بدلیں۔ دوائیوں اور نقد رقم کی ہینڈلنگ ایک ہی فرد سے نہیں کروانی ہے۔ کیبورڈ چلانے کے لئے بھی دستانے استعمال کریں۔

9 فارمیسی کی صفائی

تمام سطحین جن میں آلات ، شیلفنگ ، دوائیوں کی پیکیجنگ ، کمپیوٹرز ، اور ٹیلیفون شامل ہیں، ان کو روزانہ باقاعدگی سے صاف کرنا ہے۔ یہ ایک روٹا سسٹم کے ذریعے کرنا ہے۔

10 کوویڈ-19 ٹیسٹنگ

جانچ اسی صورت میں ہوگی جب :

>حال ہی میں بین الاقوامی سفر کیا

> حال ہی میں دوسرے شہروں کا سفر کیا اور کوویڈ 19 کی علامات ظاہر کررہے ہیں

کسی ایسے شخص سے رابطے میں رہے جس نے حال ہی میں بین الاقوامی سفر کیا

>جس میں کوویڈ 19 کی علامات ہیں: بخار مستقل کھانسی اور سانس لینے میں دشواری

COMMONWEALTH PHARMACISTS ASSOCIATION

fip

doctHERs

NAWP

علامات کی صورت میں ہیلپ لائن 1166 پر یا اپنے قریبی فارمیسی سے رابطہ کریں۔